بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

پیر، 13 رمضان، 1447ھ | 02/03/2026 | نمبر:1447/27

پریس ریلیز

اے افواج پاکستان! امریکہ و یہود کی ایران کے خلاف جارحیت کے جواب میں خلافت کے قیام کے ذریعے ٹرمپ کے نیو مڈل ایسٹ منصوبے کو دفن کر دو

28 فروری کو امریکہ اور یہودی وجود ایک بار پھر مسلم ملک ایران اور اس کی قیادت پر حملہ آور ہوئے۔ اس حملے میں ایران کی سیاسی اور فوجی قیادت کا ایک بڑا حصہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا، تاہم اس کے بعد جنگ کی آگ پورے خطے میں پھیل گئی ہے۔ جہاں امریکہ کے بحری بیڑے اور جہاز یہودی وجود کے ساتھ مل کر مسلسل ایران پر بمباری کر رہے ہیں، وہی پر ایران کے میزائل اور ڈرونز صیہونی وجود اور خطے کی مسلم ممالک میں موجود امریکی تنصیبات کو نشانہ بنا رہے ہیں، اور محض تیسرے ہی دن کفر کے سرغنہ امریکہ اور یہودی وجود میں اضطراب پھیل چکا ہے۔ امریکہ مسلم علاقوں میں زمینی فوج اتارنے سے خائف ہے اور بارہا اس کا برملا اظہار کر چکا ہے، اور یہ آئیڈیل موقع ہے کہ پاکستان کی افواج میں موجود مخلص عناصر آگے بڑھیں اور ایران کے ساتھ مل کر اس پورے خطے سے امریکی موجودگی کا مکمل صفایا کر دیں۔ امریکی سپلائی لائن اور لاجسٹک کے راستے مسدود ہو رہے ہیں، ان کا "ناقابل تسخیر" میزائل ڈیفنس سسٹم کمزور پڑ رہا ہے، امریکی رائے عامہ جنگ کے خلاف ہو چکی ہے اور امریکہ معاشی طور پر بھی اس خطے میں ایک نئی طویل جنگ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ پس یہ موقع ہے کہ ایپسٹین کی پیداوار اس تہذیب پر کاری ضرب لگائی جائے، اور اس خطے سے قبر میں پیر لٹکائے اِس بدبودار تہذیب کی بساط لپیٹ دی جائے، جس کے بعد یہودی وجود بھی محض چند گھنٹوں کی مہمان ہو گی۔ یہ امریکی نیو مڈل ایسٹ پلان کو دفن کر کے مسجد اقصیٰ کو یہودی نجاست سے پاک کرنے کا آغاز ہو گا، جب مسلم افواج تکبیروں کی گونج میں اسراء و معراج کی سرزمین میں داخل ہو گی اور صیہونی یہود سے فلسطین میں کئے گئے مظالم کا جواب لے گی۔ صرف حزب التحریر ہی وہ واحد قیادت ہے جو یہ ویژنری لیڈرشپ مہیا کر سکتی ہے۔ تو آگے بڑھیں، اور قیادت کی حقدار اس لیڈرشپ کو خلافت کے قیام کیلئے نصرۃ دیں۔

امریکی طاقت ایک کرائے کی طاقت ہے، جو خطے کے مسلم حکمرانوں کی غداری کی مرہون منت ہے۔ اس خطے میں امریکی غلبے کی وجہ مسلمانوں کی قومی ریاستوں میں تقسیم اور ان پر غداروں کو مسلط کرنا ہے۔ ان ایجنٹ حکمرانوں نے ہی مسلمانوں کے وسائل امریکہ کو پیش کر کے اسے اپنی حیثیت سے بڑھ کر غلبے سے نوازا ہے۔ کیا خطے میں امریکی بالادستی پاکستان سمیت، سعودی عرب، بحرین، کویت، قطر، متحدہ عرب امارات، اردن، شام اور عراق کی جانب سے امریکہ کو دئیے گئے فوجی اڈوں، سپلائی لائنز، لاجسٹکس، انٹیلیجنس شئیرنگ اور دیگر

حمایت کی مرہون منت نہیں؟ تو اس وقت کیا عالم ہو گا، جب خلافت کی افواج ایک خلیفہ کی قیادت میں اس جیو اسٹریٹجک صورتحال میں جدید بیلسٹک اور کروز میزائل ٹیکنالوجی کے ساتھ امریکی بحری بیڑوں کو نیست و نابود کر دے گی، عرب کے اندر موجود مصنوعی ریاستوں کو ایک خلافت میں ضم کرکے امریکی فوجی اڈوں کو چاروں جانب سے گھیر کر ان کا صفایا کرے گی اور تمام اہم اسٹریٹجک آبی گذرگاہوں کا کنٹرول واپس لے لے گی! تو آخر ہم کب تک ایک ایک کر کے مسلم ریاستوں کو اس طرح نابود ہوتے دیکھ کر شتر مرغ کی طرح ریت میں سر دبا کر بیٹھے رہیں گے؟ جو یہودی وجود اور امریکہ، ایران کے پاس افزودہ یورینیم اور میزائل پروگرام قبول کرنے پر تیار نہ ہو، وہ کس طرح پاکستان کے ایٹمی و میزائل پروگرام کو برداشت کر سکتے ہیں؟ تو ہم کس چیز کا انتظار کر رہے ہیں؟ یہی وقت ہے کہ ہم ایک خلافت تلے مسلم افواج کو یکجا کر کے اس شرعی فریضے پر عمل پیرا ہوں۔

ایران پر حملے سے ایک بار پھر یہ واضح ہو گیا ہے، کہ انٹرنیشنل آرڈر کے ساتھ کسی بھی طرح کے مذاکرات اور کمپرومائز محض درجہ بدرجہ تباہی کا نسخہ ہے۔ آئی ایم ایف ہو یا ورلڈ بینک، انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی ہو یا انٹرنیشنل کورٹ اف جسٹس، اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل ہو، یا ایف اے ٹی ایف، سب امریکی خارجہ پالیسی کے ہتھیار ہیں، اور ان کے ساتھ کسی بھی طرح کا تعاون اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے۔ پاکستان سمیت مسلم امہ کو اپنا آزاد لائحہ عمل مرتب کرنا ہوگا جو کہ موجودہ غدار مسلم حکمرانوں کی موجودگی میں ممکن نہیں۔ درحقیقت یہ صرف تب ہی ممکن ہو گا جب پاکستان کے اہل قوت حزب التحریر کو خلافت کے قیام کے لیے نصرہ دیں۔ ایران کی جانب سے خطے میں موجود امریکی اور صیہونی تنصیبات پر چند ضربوں نے ان کی کمزوریوں کو عیاں کر دیا ہے، جس طرح غزہ کی مزاحمت اس سے قبل ان کی شکستگی (Fragility) بے نقاب کر چکی ہے۔ امت انگڑائی لے چکی ہے اور ایک خلافت کو خوش آمدید کہنے کیلئے بےتاب ہے۔ تو آگے بڑھو، اور اس موقع کو ضائع نہ ہونے دو۔ اللہ سبحان تعالی قران پاک میں فرماتا ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ﴾

"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پکار کا جواب دو، جب وہ تمہیں اس چیز کی طرف بلائیں جس میں تمہارے لیے زندگی ہے۔" (سورة الانفال: 24)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس